نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

6 مئی 2010ء

برائے فوری اجراء

266/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

خیبر پختونخوا اور فاٹا کے لاکھوں سامعین تک ریڈیو پاکستان کی نشریات پہنچانے کیلئے امریکی اعانت

اسلام آباد (6 مئی 2010ء) ___ امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے آج یہاں ایک تقریب میں نئے اے ایم ٹرانسمیٹرز کی خریداری اور پشاور اور ڈیرہ اسمٰعیل خان میں ان کی تنصیب کے لئے پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کے ساتھ 8 ملین ڈالر مالیت کے ایک معاہدے پر دستخط کئے۔ اس منصوبے سے خیبر پختونخوا اور وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں (فاٹا) کے لاکھوں پاکستانی سامعین کو ریڈیو کی نشریات تک رسائی حاصل ہو جائے گی۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے سفیر پیٹرسن نے کہا کہ امریکہ موجودہ جمہوری حکومت کی آواز پورے ملک بالخصوص حساس سرحدی علاقے میں پہنچانے کے سلسلے میں اپنے پاکستانی دوستوں کی جانب سے کی جانے والی کوششوں میں مدد فراہم کرنے کا خواہشمند ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہم آج جس معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں یہ ان بہت سے طریقوں میں سے ایک ہے، جن پر ہماری حکومتیں ان وعدوں کو حقیقت کا روپ دینے کے لئے عمل پیرا ہیں۔

یہ نئے ٹرانسمیٹر ڈیجیٹل سگنلز کو بہتر بنا کر ریڈیو پاکستان کی نشریات کو ملک کے ان دور دراز علاقوں تک پہنچانے کے قابل بنا دیں گے جہاں یہ اس وقت نہیں پہنچتیں۔ ریڈیو پاکستان کی نشریات میں توسیع سے ان علاقوں، بشمول شمالی اور جنوبی وزیرستان، کے عوام کو تفریح، خبروں اور حالات حاضرہ، صحت سے متعلق ضروری معلومات، اور طالب علموں کے لئے تعلیمی پروگراموں تک رسائی حاصل ہوگی۔

تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات قمر زماں کائرہ نے کہا کہ ایک ایسے وقت پر جب ہم پاکستان میں امن قائم کرنے کے لئے انتہا پسندی کے خلاف نہایت اہم جنگ لڑ رہے ہیں، ہم اپنی نشریات کے ذریعے ان مردوں، خواتین، اور بچوں تک امید، جرأت اور بحالی کا پیغام پہنچانا چاہتے ہیں جو اس آفت سے متاثر ہوئے ہیں۔

امریکی حکومت نے پاکستان کے عوام کے لئے تعلیم، صحت، طرز حکمرانی، اور روزگار کے مواقع میں بہتری لانے کے لئے اگلے پانچ سالوں کے دوران 7.5 بلین ڈالر فراہم کرنے کا وعدہ کر رکھا ہے۔

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3